# 20-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دہلی میں سیوا تیرتھ پر اے آئی اور ڈیپ ٹیک اسٹارٹ اپس کے سی ای اوز کے ساتھ گول میز اجلاس کیا۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اے آئی سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے مصنوعی ذہانت کو انسانیت کی سب سے بڑی ایجاد قرار دیا۔

۳۔ریاستی وزیر زراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے کسانوں کو روایتی فصلوں کے بجائے پام آئیل جیسی منافع بخش کاشت کی طرف رجوع کرنے کا مشورہ دیا۔

اور

۴۔امیر پیٹ میں پیش آئے آتشزدگی کے واقعے میں تقریباً 100 افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا۔

M-AI:

نئی دہلی میں بھارت منڈپم میں منعقدہ انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مصنوعی ذہانت کو انسانیت کی سب سے بڑی ایجاد قرار دیا اور اسے آگ کی دریافت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو صرف ٹیکنالوجی کا صارف بننے کے بجائے اے آئی پلیٹ فارمس اور جی پی یو چپس کا عالمی تیار کنندہ بننا ہوگا۔انہوں نے بھارت کی قیادت کو مستحکم کرنے کے لیے حیدرآباد میں نیشنل اے آئی وار روم اور عالمی معیار کی اے آئی یونیورسٹی قائم کرنے کی تجویز پیش کی، جو بنیادی تحقیق کے لیے وقف ہو۔ان کے منصوبے میں انڈیا اے آئی کونسل، اے آئی کی غلط استعمال کی روک تھام کے لیے

علیحدہ وزارت اور اسٹارٹ اپس کو بااختیار بنانے کے لیے نیشنل اے آئی فنڈ کا قیام شامل ہے۔وزیراعلیٰ نے تلنگانہ کی جانب سے قومی اے آئی اسٹارٹ اپ ویلیج کی میزبانی کی تیاریوں کا بھی ذکر کیا۔انہوں نے فعال حکمرانی پر زور دیتے ہوئے افرادی قوت کی ازسرنو تربیت میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی ضرورت بتائی اور عالمی اداروں کو تلنگانہ کے ساتھ شراکت کی دعوت دی۔

SEVA TEERTH:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دہلی میں سیوا تیرتھ پر اے آئی اور ڈیپ ٹیک اسٹارٹ اپس کے سی ای اوز کے ساتھ گول میز اجلاس کیا۔اس موقع پر انہوں نے زراعت، ماحولیاتی تحفظ اور مادری زبان میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ سمیت مختلف شعبوں میں اے آئی کے استعمال کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم نے مضبوط ڈیٹا گورننس کی ضرورت پر زور دیا، غلط معلومات کے خطرات سے آگاہ کیا اور بھارت کی ضروریات کے مطابق حل تیار کرنے کی اپیل کی۔انہوں نے یو پی آئی کو سادہ اور قابل توسیع ڈیجیٹل اختراع کی مثال قرار دیتے ہوئے ملکی کمپنیوں پر اعتماد ظاہر کیا اور نجی شعبے کی خلائی میدان میں بڑھتی شرکت کا ذکر کیا۔اجلاس میں 16 اے آئی اور ڈیپ ٹیک اسٹارٹ اپس کے نمائندوں نے صحت، زراعت، سائبر سکیورٹی، خلائی اور سماجی بااختیاری کے شعبوں میں اپنے منصوبے پیش کیے۔

RAHUL GANDHI:

کانگریس لیڈر راہول گاندھی آج اتر پردیش کے ضلع سلطانپور کی ایم پی/ایم ایل اے عدالت میں پیش ہوئے اور 2018 میں مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے خلاف مبینہ توہین آمیز

ریمارکس سے متعلق ہتک عزت کے مقدمے میں اپنا بیان قلمبند کرایا۔ رائے بریلی سے لوک سبھا کے رکن راہول گاندھی کو آئندہ سماعت 9 مارچ کو اپنے دفاع میں شواہد پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ انہوں نے عدالت میں پیش ہو کر اپنی بے گناہی کا دعویٰ کیا۔ یہ مقدمہ 2018 کے کرناٹک انتخابات کے دوران دیے گئے بیان پر ایک مقامی بی جے پی لیڈر کی شکایت پر درج کیا گیا تھا۔

PAX SILICA:

بھارت اور امریکہ کے درمیان پیکس سلیکا اعلامیہ کی دستخطی تقریب میں امریکی سیکریٹری برائے اقتصادی امور جیکب ہیلبرگ نے کہا کہ یہ معاہدہ جدت اور شراکت داری کے ذریعہ مستقبل کی تعمیر کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں بھارت۔ امریکہ تعاون تیزی سے فروغ پا رہا ہے اور دونوں ممالک مصنوعی ذہانت کے حوالے سے جدت پسند نقطہ نظر کی توثیق کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق یہ اعلامیہ محض ایک دستاویز نہیں بلکہ مشترکہ مستقبل کا لائحہ عمل ہے۔

ASHWINI:

مرکزی وزیر برائے الیکٹرانکس و آئی ٹی اشونی ویشنو نے کہا کہ پیکس سلیکا اعلامیہ سیمی کنڈکٹر سپلائی چین، تیاری اور چپ ڈیزائن کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ یہ اتحاد بھارت میں مکمل سیمی کنڈکٹر ماحولیاتی نظام کے قیام میں مددگار ثابت ہوگا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جلد ہی بھارت کا پہلا سیمی کنڈکٹر پلانٹ تجارتی پیداوار شروع کرے گا۔

Sound Byte

THUMMALA

ریاستی وزیر زراعت تو ملاناگیشور راؤ نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ روایتی فصلوں کے بجائے پام آئیل جیسی منافع بخش کاشت کی طرف رجوع کریں تاکہ آمدنی میں اضافہ ہو۔ پالونچا میں میگا آئل پام پلانٹیشن ڈرائیو کے افتتاح کے موقع پر انہوں نے کسانوں کو جدید زرعی طریقوں کے لیے مکمل سبسڈی اور تکنیکی معاونت فراہم کرنے کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ پام آئیل کی کاشت مالی استحکام کا پائیدار ذریعہ بن سکتی ہے۔

CM CUP:

ریاستی وزیر کھیل وی سری ہری نے ضلع نارائن پیٹ کے مکتھل میں ریاستی سطح کے سی ایم کپ کبڈی ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس مقابلے کا مقصد دیہی علاقوں میں کھیلوں کی صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔ ٹورنامنٹ میں 33 اضلاع سے 66 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ وزیر نے کہا کہ مکتھل کو مستقبل میں قومی سطح کے مقابلوں کی میزبانی کے لیے تیار کیا جا رہا ہے اور کھلاڑیوں کو تمام سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے ریاست میں کھیلوں کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔

AGNIVEER

پدا پلی ضلع کے کلکٹر کویا سری ہرشا نے ''اگنی ویر یو پی ایچ ایس ٹریننگ اسکیم–2026'' کے تحت بھارتی فوج میں شمولیت کے خواہشمند نوجوانوں کے لیے 90 روزہ مفت جامع کوچنگ پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد امیدواروں کو جسمانی اور تحریری امتحانات کی مکمل تیاری کرانا ہے۔ پروگرام کے تحت گراؤنڈ پریکٹس، میڈیکل امتحان سے متعلق آگاہی، مطالعاتی مواد

اور یونیفارم جیسی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ خواہشمند امیدواروں کو 23 فروری تک رجسٹریشن کرانا ہوگا، جبکہ حتمی انتخاب کے لیے 25 فروری کو طبی جانچ کی جائے گی۔ تربیتی سیشن یکم مارچ سے 31 مئی تک جاری رہیں گے۔ کلکٹر نے نوجوانوں کو اس موقع سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیتے ہوئے کہا کہ ضلع انتظامیہ نوجوانوں کو روزگار اور قومی خدمت کی جانب رہنمائی کے لیے پُرعزم ہے۔

PEDDAPALLI

پداپلی کے ایم ایل اے چنتھا کنٹا وجے رمنا راؤ نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی زرعی ضروریات کے لیے حیدرآباد ایگریکلچرل کوآپریٹو ایسوسی ایشن (HACA) کے فارمر سروس سینٹروں سے استفادہ کریں۔ جمعہ کے روز اوڈیلا منڈل کے گنڈلا پلی اور سلطان آباد منڈل کے کانوکولا میں نئے مراکز کے افتتاح کے موقع پر انہوں نے کہا کہ ان مراکز میں معیاری بیج، کھاد، کیڑے مار ادویات اور جدید زرعی مشینری مناسب قیمتوں پر دستیاب ہوگی۔ ایم ایل اے نے کہا کہ ان مراکز کا مقصد کسانوں کو ضروری زرعی وسائل تک آسان رسائی فراہم کرنا اور ان کا مالی بوجھ کم کرنا ہے، تاکہ ضلع پیداپلی میں پائیدار زرعی ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔

FIRE

امیرپیٹ کے میتری ونم جنکشن کے قریب آدتیہ انکلیو عمارت میں پیش آئے آتشزدگی کے واقعے میں تقریباً 100 افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ آگ گراؤنڈ فلور پر پینل بورڈ میں شارٹ سرکٹ کے باعث لگی اور تیزی سے تیسری منزل تک پھیل گئی۔ فائر بریگیڈ عملہ فوری طور پر موقع پر پہنچا اور 60 افراد کو بچایا۔ نیلگری بلاک کی دکانوں کو خالی کرایا گیا اور کوچنگ سینٹروں و

آئی ٹی کمپنیوں کے طلبہ و ملازمین کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ خوش قسمتی سے اس واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق بروقت کارروائی نے بڑے سانحے کو ٹال دیا۔

SPORTS

مانا کونڈور کے ایم ایل اے، کے ستیہ نارائنہ نے کریم نگر کے ریجنل اسپورٹس اسکول میں دوسرے سی ایم کپ جمناسٹکس مقابلوں کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے اس وژن کا ذکر کیا جس میں تلنگانہ کے کھلاڑیوں کو اولمپک تمغے جیتتے دیکھنے کی خواہش ظاہر کی گئی ہے۔ ریاست کے 16 اضلاع سے 200 سے زائد کھلاڑی مختلف آرٹسٹک جمناسٹکس مقابلوں میں حصہ لے رہے ہیں، جن میں فلور ایکسرسائز، والٹ اور رنگس شامل ہیں۔ ایم ایل اے نے کھلاڑیوں کو بڑے خواب دیکھنے اور سخت محنت کرنے کی تلقین کی اور کہا کہ ریاستی حکومت عالمی معیار کی سہولیات فراہم کر رہی ہے۔

PIYUSH

مرکزی وزیر تجارت وصنعت پیوش گوئل نے اعلان کیا ہے کہ بھارت۔ امریکہ عبوری تجارتی معاہدہ اپریل میں نافذ العمل ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ اور عمان کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے بھی اسی ماہ نافذ ہو سکتے ہیں، جبکہ نیوزی لینڈ کے ساتھ معاہدہ ستمبر تک متوقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں ممالک مارچ میں عبوری معاہدے پر دستخط کریں گے اور قانونی فریم ورک کو حتمی شکل دینے کے لیے 23 فروری سے تین روزہ اجلاس شروع ہوگا۔ دہلی میں منعقدہ اے آئی سمٹ کے دوران امریکی سفیر سرجیو گور نے بھی معاہدے کو جلد حتمی شکل دیے جانے کی امید ظاہر کی اور بتایا کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو آئندہ مہینوں میں بھارت کا دورہ

کریں گے۔ یہ اقتصادی تعاون بھارت کے عالمی تجارتی تعلقات کو مضبوط بنانے اور دوطرفہ سرمایہ کاری میں اضافے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جارہا ہے۔

○○